ACT4FOOD
ACT4CHANGE

خوراک کے نظام کی تبدیلی کے لیے نوجوانوں کا عہد

صحت، ماحولیات اور حیاتیاتی تنوع کے بحران اور ان کی بدولت انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں خوراک کے موجودہ نظاموں کے کردار سے ہم سب بخوبی آگاہ ہیں۔ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کوصرف اسی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں جب ہم خوراک کے موجودہ نظام میں بنیادی تبدیلیاں لے کر آئیں۔

اگرچہ سیاست اور معیشت کے حوالے سے فیصلہ سازی کےعمل سے ہمیں بطور نوجوان باہر رکھا گیا ہے لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ ہمیں اپنا مستقبل آج ہونے والے فیصلوں کے ساتھ گزارنا ہو گا۔

ہم اپنے طور پر بہت کچھ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں اور یہ حق بھی رکھتے ہیں کہ حکومت اور معیشت کے فیصلہ سازوں سے فوری اور بڑے اقدامات کرنے کا مطالبہ کریں۔

بطور نوجوان ہم خوراک کے نظام میں تبدیلی کے لیے کام کریں گے!